یاصاحب الزمان ادرکنی
انچارج لائبریری
انجمن سپاہ منتظر مہدی
گڑھ مہاراجہ ضلع جھنگ

القائم

یہ کتاب مندرجہ ذیل مقامات سے مل سکتی ہے۔

- ادارہ القائم رجسٹرڈ پوسٹ بکس نمبر ۹۹۴ لاہور
- ادارہ القائم رجسٹرڈ باٹا پور لاہور
- مکتبہ السبطین B/۲۹۶/۹ سٹلائیٹ ٹاؤن سرگودھا
- مکتبہ جعفریہ مرکزی امام بارگاہ بلاک نمبر ۴ سرگودھا
- زیدی بک ایجنسی موچی دروازہ لاہور
- مکتبہ کاظمیہ مخزن العلوم جعفریہ ملتان
- رحمت بک ایجنسی کھارادر کراچی
- محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ کراچی

اشرف میں چھپ چکی ہے۔ اس مستدرک میں جو خطبے علامہ رضی سے رہ گئے تھے اس میں انہیں اسی ترتیب سے مرتب کیا گیا ہے اس میں خطبہ بیانیہ کا کہیں نام و نشان نہیں ہے بلکہ علامہ سید حامد حسین لکھنوی (جو علامہ سید ناصر الملت کے والد ماجد ہیں) نے اپنی کتاب استقصاء الافحام جو علمائے حیدر آبادی کی کتاب منتہی الکلام کے جواب میں لکھی تھی اور جہاں حیدر آبادی نے خطبۃ البیانیہ کے حوالے کہا تھا کہ شیعانِ علیؑ کی توحید غلط ہے یہ مشرک ہیں کیونکہ ان کا خالق بھی علیؑ ہے اور رازق بھی علیؑ۔ تو علامہ سید حامد حسین قبلہ نے ثابت کیا ہے کہ یہ خطبہ ہمارا نہیں ہے اور مولا علیؑ کا یہ فرمان نہیں ہے بلکہ ایک دشمن آلِ محمدؐ خواجہ محمد دہدار نے اس خیال سے اسے گھڑا تھا کہ ظاہرین آلِ محمدؐ کے موالی جو بظاہر اس غالیانہ مدح و ثنا کو دیکھیں گے تو وہ اس پر عقیدہ رکھ لیں گے۔ اور ناصبیوں کو اس خطبے کے غلط مطالب ماننے کی وجہ سے ان کو مشرک کہہ کر قتل کرنے کا جواز مل جائے گا۔ صرف علامہ رضی کا کیا ذکر ہمارے جتنے بھی علماء اعلام گزرے ہیں سب نے اس کی نفی کی ہے اس خطبے کے کچھ جملے کتاب مشارق الانوار برسی میں ملتے ہیں علامہ مجلسی جیسے محقق عالم نے برسی کو ضعفاء میں شمار کیا ہے اور اس کی روایات کو ناقابلِ اعتبار قرار دیا ہے۔ (ملاحظہ ہو مقدمۂ بحار۔ و رسالہ دلیلیہ) بنا بریں حقائق بلا خوف ردّ کہا جا سکتا ہے کہ یہ نام نہاد خطبہ بالکل وضعی اور بے بنیاد ہے اور غالیوں کی ایجاد ہے۔

س:۔ آپ نے اپنی کتاب اصول الشریعہ میں ایک انگریز مورخ کا حوالہ دیا ہے کیا آپ اپنے موقف کی مضبوطی کے لئے محمدؐ و آلِ محمدؐ کا کوئی فرمان پیش نہیں کر سکے؟

ج:۔ میں نے انگریز کا جو قول نقل کیا ہے وہ عقیدہ کے سلسلے میں نہیں نہ میرے نظریات کی اس پر بنیاد قائم ہے بلکہ ایک دانشورانہ قول تھا کہ جس کتاب کی حمایت و مخالفت بڑے شد و مد کے ساتھ شروع ہو جائے وہ ایک غیر معمولی کتاب ہوتی ہے میں نے ائمہ معصومینؑ

sibtain.com